جواب تلاش کرنے میں یہ ترتیب کہاں تک مفید ہے 'کہا نہیں جاسکتا۔Ablution کے تحت وضو کے سب مسائل مل جائیں گے 'لیکن دوسری طرف اسی کے ساتھ ہی (Aboirtion) اسقاط حمل کا مسئلہ ملے گا۔سود (ا) کے تحت ہے 'اور بینک B کے تحت ۔(Angel) فرشتہ اور (Anger) غصہ ساتھ ساتھ ہیں ۔(Prayer) نماز اور (Pregnancy) حمل میں زیادہ فاصلہ نہیں ۔بہرحال اپنے سوال کا عنوان قائم کرنا اور پھر تلاش کرنا ایک دلچسپ مشق ضرور ہے ۔ (مسلم سجاد)

Sales and Contracts in Early Islamic Commercial Laws :

عبداللہ علوی حاجی حسن۔ ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامی 'انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی 'اسلام آباد۔ صفحات ۲۶۶۔قیمت: ۱۷۵ روپے۔

عبداللہ علوی حاجی حسن یونیورسٹی آف ملایا (ملائشیا) میں استاد ہیں ۔زیر تبصرہ کتاب ان کے پی ایچ ڈی کے اس مقالہ کی ترمیم و اضافہ شدہ صورت ہے 'جو انھوں نے یونیورسٹی آف ایڈن برا (سکاٹ لینڈ) میں پیش کیا۔

اس کتاب میں ڈاکٹر علوی نے قبل از اسلام 'اور بعثت نبوی کے بعد دور نبوت و خلافت راشدہ کی کاروباری سرگرمیوں اور ان کے نتیجے میں مرتب ہونے والے کاروباری اصول و ضوابط اور قوانین کو پیش کیا ہے ۔اس کتاب کے اہم موضوعات میں قبل از اسلام کی کاروباری سرگرمیاں 'کاروبار اور کاروباری اخلاقیات سے متعلقہ آیات و احادیث 'کاروباری لین دین کے جائز اور ناجائز طریقوں کا جائزہ 'کاروباری معاہدات 'فروخت کاری میں خطرہ (Risk) کا معاملہ 'شراکت و مضاربت 'رہن اور قرض کے معاملات اور قوانین 'کرایہ داری اور عاملین کے معاوضے 'تجارتی تنازعات اور عدالتوں کے مصالحتی کردار شامل ہیں ۔مزید برآں تسعیر (Price Control) 'خیارات (Options) 'از قسم خیار شرط 'خیار رویۃ اور خیار عیوب وغیرہ 'شفعہ 'عاریت 'وضیعۃ (Trust) 'الحجر 'الکفالۃ اور غصب وغیرہ کے معاملات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دی گئی ہدایات اور فیصلوں پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔آخر میں حوالہ جات 'اشاریے اور کتابیات نے کتاب کی افادیت میں اضافہ کر دیا ہے ۔

یہ کتاب معاشیات 'کامرس اور قانون کے اساتذہ و طلبہ کے لیے خاص طور پر 'اور اسلامی نظام معیشت کو پڑھنے 'سمجھنے اور اس موضوع پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے عام طور پر 'مفید اضافہ ہے ۔

کتاب کی نوعیت کے پیش نظر اس میں سود اور سودی معاملات پر بحث نہیں کی گئی ۔یہ کتاب دور جدید کے مسائل 'خاص طور پر آج کے دور کی پیچیدہ منڈیاتی معیشت (Market Economy) میں پیش آنے والے معاملات 'اور تجارتی لین دین کے طریقوں میں شریعت کی راہ نمائی فراہم کر سکتی ہے ۔